OFFICE OF ADMINISTRATIVE TRIALS AND HEARINGS
Help Center

اصلاح کا سرٹیفیکیٹ

اگر آپ کو ڈیپارٹمنٹ آف بلڈنگز ("DOB") کے سمنز موصول ہوئے ہوں اور آپ نے انہیں "تسلیم" کر لیا ہو، آپ ان کی "خلاف ورزی کے مرتکب/ یا نادہندہ ہوں،" یا کسی معاہدے پر رضامند ہوئے ہوں - تو آپ کو لازماً DOB میں اصلاح کے سرٹیفیکیٹ کا پیکٹ جمع کروانا چاہیئے یا پھر آپ کو مزید سمنز موصول ہو سکتے ہیں!

آپ کے سمنز ایک حکم پر مشتمل ہوں گے، جو یہ بیان کرتا ہے: "خلاف ورزی کی صورت (صورتوں) کی اصلاح/تدارک کرنے کے لئے کمشنر کا حکم." یہ ایک حکم ہے جو آپ کو دیا جاتا ہے، اس شخص یا کمپنی کا نام جو سمنز پر موجود ہے۔

جرمانے کی ادائیگی کا یہ مطلب نہیں ہے کہ آپ کی ذمہ داریاں ختم ہو گئی ہیں

آپ کو ابھی بھی **1**) اس مسئلے (مسائل) کو حل کرنا ہے جس کے نتیجے میں آپ کو سمنز موصول ہو رہے ہیں، **2**) **DOB** کو اصلاح کا پیکٹ جمع کروانا ہے اور **3**) **DOB** کی جانب سے پیکٹ کو منظور کروانا ہے۔

آپ کو سمن (سمنز) وصول کرتے ہی خلاف ورزیوں کی اصلاح کا آغاز کردینا چاہیئے! اس بات سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ آپ کی سماعت کب ہے!

واحد صورت جس میں آپ کو اصلاح کا کوئی پیکٹ جمع کروانا درکار نہیں ہو گا، وہ یہ ہے کہ OATH کی سماعت کے بعد آپ کے سمنز منسوخ کر دیئے جائیں۔ البتہ، آپ سے پھر بھی درکار ہو گا کہ مستقبل کے سمنز سے بچنے کے لئے اصلاحات کریں۔

اگر آپ کو (1) خلاف ورزی کا مرتکب پایا گیا ہو/ نادہندہ ہوں؛ (2) کسی خلاف ورزی کو تسلیم کیا ہو؛ یا (3) کوئی معاہدہ قبول کیا ہو اور (4) اصلاح کے سرٹیفیکیٹ کا پیکٹ جمع کروانے میں ناکام رہے ہوں، تو DOB کو اصلاح کے سرٹیفیکیٹ کو جمع کروانے میں ناکامی پر DOB آپ کو مزید سمنز جاری کر سکتا ہے

خلاف ورزیوں کو یا تو "کلاس" 1، 2 یا 3 کے طور پر عائد کیا جا سکتا ہے۔ عائد کردہ خلاف ورزی کی کلاس سمنز پر فہرست شدہ ہے۔ کلاس 1 - آپ کو لازماً فوری طور پر اصلاح کرنی چاہیئے کلاس 2 اور 3 - آپ کو لازماً **40** دن کے اندر اصلاح کرنی چاہیئے

مرحلہ 1: کسی **OATH** ہیلپ سنٹر کے نمائندے سے اصلاح کے سرٹیفیکیٹ کا پیکٹ حاصل کریں یا یہاں رجوع کریں https://www.nyc.gov/site/buildings/safety/oath-summonses.page تاکہ لازمی فارمز حاصل کیے جائیں (AEU2، AEU3321اور/یا AEU20)۔

مرحلہ 2: شامل کئے گئے کسی بھی "تحریری بیانِ حلفی" کے صفحے کو مکمل کریں۔ ایک تصدیق شدہ بیان شامل کریں کہ مسئلہ (مسائل) کیسے حل کیا گیا، مسئلہ (مسائل) کو کب حل کیا گیا، اور اس کو کس نے حل کیا۔ آپ کے پاس جو کوئی بھی ثبوت ہوں انہیں شامل کریں۔

- آپ کے فارمز کے ساتھ رہنمائی کے طور پر شامل جو "ہدایات" ہوں ان پر عمل کریں۔

مرحلہ 3: جس شخص نے مسئلہ (مسائل) حل کیا ہو اسے "اصلاح کے سرٹیفیکیٹ کی تائید میں بیان" کا صفحہ مکمل کرنے دیں اور اس کی تصدیق کرنے دیں۔

- آپ کے فارمز کے ساتھ رہنمائی کے طور پر شامل جو "ہدایات" ہوں ان پر عمل کریں۔

مرحلہ 4: DOB NOW میں لاگ ان ہونے کے لئے www.nyc.gov/dobnow پر eFiling اکاؤنٹ بنائیں یا استعمال کریں اور BIS آن لائن پورٹل کا انتخاب کریں۔ اگر آپ کو eFiling اکاؤنٹ بنانا پڑے، تو یہاں رجوع کریں www.nyc.gov/DOBNOWtips۔ DOB NOW BIS کے آن لائن پورٹل سے سمنز کے نمبر سمیت مطلوبہ فیلڈز درج کریں اور جو بھی لازمی فارمز ، اور کوئی دوسری مطلوبہ دستاویزات ہوں انہیں اپ لوڈ کریں۔ DOB کے انتظامی انفورسمنٹ یونٹ کی جانب سے نظرِ ثانی کے لئے اپنے مواد کو جمع کروائیں۔

براہ کرم نوٹ کریں: آپ کا اصلاح کا سرٹیفیکیٹ اس وقت تک مکمل نہیں ہو گا جب تک یہ DOB کی جانب سے منظور شدہ نہ ہو۔

مزید کسی معاونت کے لئے، براہ کرم کسی بھی OATH لوکیشن کے OATH ہیلپ سنٹر پر، پیر سے جمعہ، 8am-5pm بذاتِ خود تشریف لائیں، (212) 436-0845 پر بذریعۂ ٹیلیفون یا یہاں بذریعہ ای میل رابطہ کریں Manhelpcenter@oath.nyc.gov